| سبقی منصوبہ بندی:1 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ: 9 پہلا دن | اُستاد کا نام:______ |

سبق کا نام: قُدرتی ماحول اور وسائل

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قُدرتی اور انسان کی بنائی ہوئی یعنی مادی اشیا میں فرق جان سکیں۔
- شناخت کر سکیں کہ لوگ قُدرتی وسائل کو استعمال کرتے ہوئے انسانی ضروریات کی اشیا بناتے ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں قُدرتی وسائل اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمارے لیے انعام ہیں جو اللہ تعالیٰ نے ہمارے فائدے کے لیے پیدا کیے ہیں۔ ان قُدرتی وسائل کی مدد سے انسان جو اشیا بناتا ہے انھیں انسان کی بنائی ہوئی اشیا یا مادی اشیا بھی کہتے ہیں۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 24 پر موجود متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو قدرتی اور مادی اشیا میں فرق بتائیں۔
- انھیں بتائیں کہ قدرتی طور پر پائی جانے والی اشیا، قدرتی اشیا کہلاتی ہیں۔ مثلاً درخت، مٹی وغیرہ اور ان کو استعمال میں لاتے ہوئے جو اشیا بنائی جاتی ہیں، انھیں مادی اشیا کہتے ہیں۔ یہ مادی اشیا انسان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بنائی جاتی ہیں۔ جیسے:

⇐ درختوں کی لکڑی سے فرنیچر بنایا جاتا ہے اسکے علاوہ لکڑی کو بطور ایندھن بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

⇐ زمین سے حاصل ہونے والی معدنیات جیسے لوہے سے مشینیں وغیرہ اور سونا، چاندی سے زیورات بنائے جاتے ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں مٹّی بھی ایک قُدرتی وسیلہ ہے جس سے اینٹیں اور اینٹوں سے گھر بنائے جاتے ہیں۔ مزید مثالیں دے کر طلبہ کو قُدرتی وسائل کا استعمال بتائیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| قُدرتی | قُد۔ رَ۔ تی | فطری |
| معدنیات | مع۔ دِ۔ نی۔ یات | معدنی کی جمع، وہ چیزیں جو کان سے نکلیں |
| ایندھن | اِیں۔ دَھن | لکڑی وغیرہ۔ جلانے کی چیزیں |
| بطور | بَہ۔ طَور | طرز سے |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اپنے اِرد گرد کے ماحول سے قُدرتی وسائل اور ان سے بننے والی اشیا کی شناخت کریں اور ان کی فہرست اپنی کاپیوں پر بنائیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قُدرتی ماحول اور وسائل

سوال 1: کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
|  ● | ●  |
|  ● | ●  |
|  ● | ●  |
|  ● | ●  |

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:_______ | ہفتہ: 9 دوسرا دن | اُستاد کا نام:_____ |

سبق کا نام: مذہبی تہوار (دہرائی)

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جان سکیں کہ مسلمان عید الفطر اور عید الاضحیٰ کیوں اور کیسے مناتے ہیں؟

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "مذہبی تہوار" لکھیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- کتاب سے طلبہ کو عید الفطر، عید الاضحیٰ اور میلاد النبی ﷺ کے متن کی پڑھائی کروائیں۔ انھیں بتائیں تہوار کا مطلب خوشی کا دن ہے۔ ہر مذہب کے مخصوص عقیدے، رسم و رواج اور تہوار ہوتے ہیں جو اس کی تہذیب اور ثقافت کی عکاسی کرتے ہیں۔ مسلمانوں کے مذہبی تہواروں میں عید الفطر، عید الاضحیٰ اور میلاد النبی ﷺ شامل ہیں۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** 10منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

| ورک شیٹ | 20منٹ |
|---|---|

| نام: ___________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: مذہبی تہوار (دہرائی) |
|---|---|---|

سوال 1: سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ تہوار سے کیا مراد ہے؟

_______________________________________

_______________________________________

۲۔ قربانی کا گوشت کن لوگوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

_______________________________________

_______________________________________

سوال 2: کالم 'الف' کو کالم 'ب' سے ملائیں۔

| کالم الف | | | کالم ب |
|---|---|---|---|
| مسلمان | • | • | ۱۰ ذوالحجّہ |
| عیدالفطر | • | • | ۱۲ ربیع الاوّل |
| عیدالاضحیٰ | • | • | عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ |
| میلادالنبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | • | • | یکم شوال |

| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 9 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: مذہبی تہوار (دہرائی)

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پاکستان میں منائے جانے والے دوسرے مذاہب کے مذہبی اور ثقافتی تہواروں کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "مذہبی تہوار" لکھیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو کتاب سے کرسمس، ہولی، بیساکھی کا متن پڑھوائیں۔ انھیں بتائیں ہمارے ملک پاکستان میں غیر مذاہب کے لوگ بھی آباد ہیں جیسے مسیحی، ہندو اور سکھ وغیرہ۔ ان کے اپنے اپنے تہوار اور رسم و رواج ہیں جنھیں وہ مذہبی جوش و جذبے سے مناتے ہیں۔
- سبق کے اہم نکات دہرانے کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: مذہبی تہوار (دہرائی) |
| --- | --- | --- |

**سوال 1:** سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ مسیحی کرسمس کب مناتے ہیں؟

______________________________

______________________________

۲۔ کس مذہب کے لوگ ''ہولی'' مناتے ہیں؟

______________________________

______________________________

۳۔ سکھ مذہب کے تہوار کا نام بتائیں۔

______________________________

______________________________

**سوال 2:** تصاویر کو دیکھ کر تہواروں کے نام لکھیں۔


..............................


..............................


..............................


..............................